## اسلام میں عورتوں کے حقوق مغرب میں عورتوں کے حقوق سے کیسے مختلف ہیں؟

### 1۔ تعارف:-

اسلام میں جس طرح سب انسان ایک باپ کی اولاد ہیں اسی طرح وہ ایک ہی ماں حضرت آدمؑ حواؑ کی بھی اولاد ہیں۔ ان دونوں سے ہی کائنات میں اشرف المخلوقات کا وجود آیا۔ اس سے حضرت حواؑ آدمؑ کی جنس سے پیدا ہوئیں۔ یوں اسلام نے عورتوں کو بھی مرد کے برابر قرار دیا لیکن کوئی حقیر مخلوق سمجھا جیسا کہ مغرب میں عورتوں کو مرد کی خدمت کرنے کے علاوہ کوئی مقام حاصل نہ تھا۔

try to add the arabic of quranic ayats,

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا پھر اسی میں سے جوڑا بنایا اور پھر ان دونوں میں سے مرد و عورت دنیا میں پھیلا دیے" (النساء: ۱)

خود اسلام میں عورت کو اُن کے حقوق دیے گئے اُن کا کھویا ہوا وقار (عزت) واپس کیا عزت سے زندگی گزارنے کا حق دیا اور یہ حق نبی کریم ﷺ کے آنے سے اُن کو ملا جبکہ مغرب نے عورتوں کے حقوق کیلئے بہت دیر بعد ہی آواز اٹھائی۔

### 2۔ اسلام میں عورتوں کے حقوق:-

#### 1۔ بنیادی حقوق:-

اسلام میں عورتوں کو بنیادی حقوق عطا کیے گئے ہیں: جس سے وہ بھی معاشرے میں عزت کے ساتھ زندگی گزار سکتی ہے:

Day: ______ Date: ______

(i) زندگی کے تحفظ کا حق:-

اسلام سے پہلے عورتوں کو زندہ دفن کر دیا جاتا تھا۔ عورت کو زندگی گزارنے کا کوئی حق نہیں تھا۔ اسلام کی آمد سے عورتوں کو زندگی کا حق ملا۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے

"اور جس نے کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کیا اس کی سزا ہمیشہ جہنم میں رہنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا اس پر غضب اور لعنت ہے اور اس کے لئے بہت بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے" (النساء: 93)

first add description of atleast 5 lines and then add reference.

(ii) مال کے تحفظ کا حق

اسلام نے عورتوں کو مال کا تحفظ دیا۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"مردوں کے لیے حصہ اس میں ہے جو انہوں نے کمایا اور عورتوں کے لئے اس میں ہے جو انہوں نے کمایا" (النساء: 32).

(iii) مذہبی آزادی کا حق:-

اسلام نے مرد و عورت دونوں کو مذہبی آزادی کا حق دیا ہے کہ جو مرضی چاہے مذہب اپنا سکتا ہے۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

لا اکراہ فی الدین

"دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں" (2:256)

ایک اور جگہ ارشاد ہے:

لکم دینکم ولی الدین

"تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین" (109:6)

(iv) جائیداد کا حق:-

اسلام نے عورتوں کو جائیداد کا حق فراہم کیا۔

"دو لڑکیوں کا حصہ ایک لڑکے کے برابر ہے"

Day: Date:

سورۃ النساء میں بھی ارشاد ہے:

"مردوں کے لیے وہ ہے جو انہوں نے کمایا اور عورتوں کے لیے وہ ہے جو انہوں نے کمایا" (5:93)

۷) تعلیم کا حق:

تعلیم کا حق بھی اسلام نے عورتوں کو دیا ہے۔ یہ نہیں کہ صرف مردوں کے لیے تعلیم کو لازمی قرار دیا بلکہ عورتوں کی تعلیم پر بھی زور دیا۔

حدیث نبوی ﷺ ہے:-

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے"۔

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"ایک عالم کی سیاہی شہید کے خون سے زیادہ افضل ہے"

اسی طرح قرآن مجید میں تعلیم کے بارے ارشاد ہے:

"کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر ہو سکتے ہیں؟" (39:9)

۸) عزت کے تحفظ کا حق:

عورت کو جو عزت اسلام نے عطا کی ہے وہ کسی مذہب نے نہیں عطا کی۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:-

**وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ**

"اور اللہ نے بنی آدم کو عزت بخشی" (17:70)

2- **شادی کے حقوق / عورت کے ازدواجی حقوق:-**

۱) شادی کا حق:-

اسلام سے پہلے عورت کو مرد کی ملکیت سمجھا جاتا تھا۔

Day:                    Date:

اس کی مرضی کے بغیر نکاح کیا جاتا تھا۔ اگر کسی عورت
میں عورت کی طلاق بھی ہو جاتی پھر بھی اسکی مرضی سے
نکاح کرنے کی اجازت نہ تھی۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:
"(طلاق کے بعد) اپنی عورتوں کو
نہ روکو کہ وہ شوہروں سے نکاح کر سکیں۔" (2:232)

(ii) حرمت نکاح کا حق:
اسلام سے پہلے بیٹا اپنی سوتیلی ماں سے نکاح کر
لیتا تھا۔ اسلام کی آمد سے رشتوں کو مقدس مقام
ملا۔ قرآن مجید سورۃ النساء میں اللہ فرماتا ہے:
"اللہ تعالیٰ نے تم پر تمہاری مائیں، بہنیں،
بیٹیاں، خالائیں اور پھوپھیاں حرام کر دی ہیں" (النساء: 23)

(iii) خیار بلوغ کا حق:
اگر نابالغ لڑکی کا نکاح کر دیا جائے تو جب وہ بالغ ہو
تو اسے حق دیا گیا کہ چاہے تو اس نکاح کو ختم
کر دے۔

(iv) خلع کا حق:
عورت کی اگر شوہر سے نباہ نہ ہو رہی ہو تو وہ اس سے
خلع لے سکتی ہے یہ حق اسے اسلام نے عطا کیا ہے۔
قرآن مجید میں ارشاد ہے:
"اور ان (شوہر و عورت) پر کوئی حرج نہیں کہ
بیوی کچھ بدلہ دے کر آزادی حاصل کرے۔" (2:229)

میراث کا حق:
عورت کو اسلام میں وراثت کا حق دیا گیا ہے
ماں کی حیثیت سے، بیٹی، بہن اور بیوی کی

درست ہے نیز اس کے لحاظ سے عورت کے حق کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

## 3. عورت کے سیاسی حقوق :-

(i) **رائے دہی کا حق :-**

برطانیہ کے "ہاؤس آف کامن" میں 1918 میں عورت کو ووٹ کا حق دیا۔ امریکہ میں 1920 میں انیسویں ترمیم کے بعد عورت کو ووٹ کا حق ملا۔ نیوزی لینڈ میں 1893ء میں سب سے پہلے عورت کو ووٹ کا حق ملا۔ جبکہ اسلام نے عورت کو آج سے ان سب سے بہت پہلے ووٹ کا حق دیا۔ صحابہ کرام رضی نے نبی کریم ﷺ کی سنت مبارکہ پر عمل کیا۔

حضرت عمر رضی نے جب چھ صحابہ کی کمیٹی بنائی تو عبدالرحمان بن عوف رضی کو الیکشن کمشنر مقرر کیا تو انہوں نے گھر گھر جا کر عورتوں سے رائے لی اور سب نے حضرت عثمان رضی کے حق میں فیصلہ دیا۔

(ii) **مقننہ میں نمائندگی کا حق :-**

حضرت عمر رضی کی مجلس شوریٰ میں عورتوں کو بھی نمائندگی کا حق دیا گیا۔ ایک دفعہ آپ رضی نے عورتوں کے حق مہر مقرر کرنے کی رائے لی اور ایک عورت اٹھ کھڑی ہوئی اور کہا جب اللہ نے کہا "اگر تم ایک عورت کو ڈھیر سارا مال دے چکے ہو تو بھی واپس نہ لو" **(النساء : 20)**

اس پر حضرت عمر نے تجویز واپس لے لی۔

(iii) **سفارتی مناصب پر فائز ہونے کا حق :-**

حضرت عثمان رضی نے حضرت ام کلثوم کو روم کے دربار میں سفارتی مشن پر بھیجا۔ ان کے استقبال کے لیے [illegible]

زوجہ آئی تو اس نے روم کی عورتوں کو بلا کر کہا کہ عرب کے
شہزادے کی بیوی اور ان کے نبی کی بیٹی تحائف
لے کر آئی ہیں۔ اس طرح ابن رشد نے سفارتی منصب
پر عورتوں کو فائز کیا۔

try to do comparison side by side against each argument discussed above.

## 3. مغرب میں عورت:-

"آزادی نسواں کا تصور میری وال سٹون کرافٹ"
اپنی کتاب "The Vindication of human Rights"
میں دیا جہاں نسوانی تحریک کے بانیہ نے مغربی تہذیب کی
غلامی سے عورتوں کو نکال کر ہر طرح کی آزادی کا مطالبہ
کر دیا۔ اس سے عورتوں کے حقوق یکسر بدل گئے۔ اس کے
بعد کمیونزم کے بانی **کارل مارکس** اور اس کے ہم
خیال اینگلز نے پیش کیا۔ انہوں نے اپنے منشور
منشور میں لکھا کہ گھر، شادی، خاندان ایک لعنت کے
سوا کچھ نہیں۔ ان سب چیزوں نے عورت کو غلامی
میں جکڑ رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عورتوں کو صنعتی
کارخانوں میں کام کر کے ملازمتوں کے ذریعے اقتصادی
آزادی حاصل ہونی چاہیے۔ عورتوں کو مردوں کے
شانہ بشانہ کام کرنا چاہیے۔ تفریحی و معاشرتی
تقریبات منعقد کر کے عورتوں کو میدان میں لانا
چاہیے۔

### عورت بطور مالی منفعت:-

اہل مغرب والوں کا مقصد عورت کو گھر کی چار دیواری
سے نکال کر اسے کاروبار یا مال کرنا تھا۔ اسے سر بازار

رسوا کیا جائے اور مالی منفعت کا ذریعہ بنایا جائے۔ اسکو اشتہاروں کے ذریعے پامال کیا جائے۔ ہوٹلوں، کلبوں، سینماؤں، ریسٹورنٹوں اور بڑے بڑے شاپنگ پلازوں میں مرد کیلئے سامان نشاط مہیا کیا جائے۔ مغرب والے عورت کو گھروں سے نکالنے میں کسی حد تک کامیاب ہو گئے مگر وہ عورت کو رسوائی اور ذلت کے سوا کچھ نہ دے سکے۔

**عورت مرد کے روپ میں:-**

اہلِ مغرب والے عورت کو گھر سے نکالنے میں کامیاب ہو گئے۔ لیکن اسے رسوائی کے سوا کچھ نہ دے سکے اور انہوں نے عورت کو اس مقام پر لاکر کھڑا کر دیا جہاں عورت، عورت نہیں بلکہ مرد کا روپ دھار لیتی ہے۔ جہاں وہ ہر طرح سے آزاد ہے اور اس آزادی نے اسکا اصل مقام چھین لیا ہے۔

جو بیلجیم یونیورسٹی کے **پروفیسر گلشن** اپنے طویل تجربے کی بنا پر اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ہم نے بلکہ مغربی ممالک نے عورتوں کو آزاد کر کے جو اخلاقی، سیاسی اور تمدنی غلطی کی شاید اس قدر سنگین غلطی کسی نے کی ہو۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ ہم نے عورت کو آزاد کر کے نہ صرف قومی و ملکی نقصان کیا بلکہ عورتوں کی لطیف صنف پر ضرب لگائی جس کی تکلیف آئندہ نسلیں محسوس کریں گی"

**رشتوں کا تقدس پامال ہے:-**

Day: ________ Date: ________

مغربی معاشرے نے آزادی نسواں کے نتیجے میں مرد
کو سیاست سے شادی کا طالب بنا دیا۔ شادی نکاح و
طلاق کی پابندی کی شادی۔ عورت کو عیش و عشرت کا
سامان بنا لیا۔ مغرب کا قانونی مجبوروں سے سڑکوں میں کھینچ دیا
اس پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے کہا:
"مادی طور پر تو بے شک ہم نے ترقی کی مگر انسانیت
کو شدید بحران سے دوچار کر دیا ہے کہ اسکا کوئی
حل سمجھ نہیں آرہا ہے کہ ماں کا سینہ ماں کی ممتا
سے خالی کیوں ہے اور بھائی کا دل بہن کی محبت
سے خالی کیوں ہے"
دراصل اب اہل مغرب خود بھی تحریک نسواں اس
نام نہاد تحریک سے تنگ آ گئے ہیں اور وہ بھی عورت
کو اصل اس کے مقام میں دیکھنا چاہتے ہیں مگر وہ
اس میں دشوار دلدل میں پھنس چکے ہیں کہ واپسی ناممکن
ہیں۔

improve the structure and the paper presentation of the answer.

more arguments can be added overall.

4. **خلاصہ بحث:-**

اسلام نے عورتوں کو جو حقوق دیے ہیں مغرب نے
ان حقوق سے اپنی عورتوں کو محروم کیا ہے۔ اسلام
نے عورتوں کو عزت و وقار، تحفظ اور تسکین بنا کر دیا
ہے۔ لیکن مغرب میں عورتیں مردوں کے ساتھ مل کر
عام کام کرتی ہیں۔ ان کو عزت کا کوئی تحفظ حاصل نہیں
۔ مگر اسلام نے عورت کو عزت کا مقام آج سے چودہ
سو سال پہلے ہمارے پیارے نبی ﷺ کے زمانے میں دیا
مغرب میں جو عورتوں کے حقوق کے لیے آوازیں اٹھیں وہ بھی
اسلام کے عورتوں کو حقوق دینے کے 700 سال بعد

9/20